سوال۳: نوبل انعامات پہلے کن کن موضوعات پر دیے جاتے تھے؟

جواب: نوبل پرائز پہلے امن، ادب، فزیکس، کیمسٹری اور ادویات میں نمایاں کارناموں پر دیے جاتے تھے۔

سوال۴: الفرڈ نوبل نے کوسا ایسا کام کیا جس سے اس نے غیر معمولی دولت حاصل کی؟

جواب: الفرڈ نوبل نے پہلے نائٹروگلیسرین دریافت کی۔ اس کی ملاوٹ سے انہوں نے ۱۸۶۷ء میں ''ڈائنامائٹ'' ایجاد کیا۔ اس طرح الفرڈ نوبل نے غیرہ معمولی دولت پیدا کی۔

سوال۵: الفرڈ نوبل کہاں کا رہنے والا تھا؟

جواب: الفرڈ نوبل سویڈن کے رہنے والے تھے۔

سوال۶: یہ کیسے معلوم ہوا کہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ا) الفرڈ نوبل جنگ سے نفرت کرتا تھا۔

ب) الفرڈ اپنے کارکنوں اور مزدوروں کا خیال رکھتا تھا۔

ج) الفرڈ نوبل لالچی نہ تھا۔

جواب(ا) الفرڈ نوبل کی دلی خواہش بھی کہ دُنیا کی تمام قومیں آپس میں امن و صلح کے ساتھ رہیں۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ الفرڈ نوبل کو جنگ سے نفرت تھی۔

(ب) الفرڈ نوبل بہت ہی فراخ دل تھے۔ انہوں نے اپنے ملازموں اور مزدوروں کے رہتے کے لئے اچھے اور ہوادار مکان بنوائے اور اپنے منافع میں کام کرنے والوں کو بھی شریک کیا جس سے پتہ چلتا ہے کہ الفرڈ نوبل اپنے کارکنوں اور مزدوروں کا خیال رکھتا تھا۔

(ج) الفرڈ نوبل نے اپنی ساری دولت نیک کاموں کے لئے وقف کردی۔ انہوں نے یہ وصیت کی کہ ان کی آمدنی سے ہر سال انعامات دئے جائیں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ الفرڈ نوبل لالچی نہ تھے۔

سوال۳: نوبل انعامات پہلے کن کن موضوعات پر دیے جاتے تھے؟

جواب: نوبل پرائز پہلے امن، ادب، فزیکس، کیمسٹری اور ادویات میں نمایاں کارناموں پر دیے جاتے تھے۔

سوال۴: الفرڈ نوبل نے کوسا ایسا کام کیا جس سے اس نے غیر معمولی دولت حاصل کی؟

جواب: الفرڈ نوبل نے پہلے نائٹروگلیسرین دریافت کی۔ اس کی ملاوٹ سے انہوں نے ۱۸۶۷ء میں ''ڈائنامائٹ'' ایجاد کیا۔ اس طرح الفرڈ نوبل نے غیرہ معمولی دولت پیدا کی۔

سوال۵: الفرڈ نوبل کہاں کا رہنے والا تھا؟

جواب: الفرڈ نوبل سویڈن کے رہنے والے تھے۔

سوال۶: یہ کیسے معلوم ہوا کہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ا) الفرڈ نوبل جنگ سے نفرت کرتا تھا۔

ب) الفرڈ اپنے کارکنوں اور مزدوروں کا خیال رکھتا تھا۔

ج) الفرڈ نوبل لالچی نہ تھا۔

جواب(ا) الفرڈ نوبل کی دلی خواہش تھی کہ دُنیا کی تمام قومیں آپس میں امن و صلح کے ساتھ رہیں۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ الفرڈ نوبل کو جنگ سے نفرت تھی۔

(ب) الفرڈ نوبل بہت ہی فراخ دل تھے۔ انہوں نے اپنے ملازموں اور مزدوروں کے رہنے کے لئے اچھے اور ہوادار مکان بنوائے اور اپنے منافع میں کام کرنے والوں کو بھی شریک کیا جس سے پتہ چلتا ہے کہ الفرڈ نوبل اپنے کارکنوں اور مزدوروں کا خیال رکھتا تھا۔

(ج) الفرڈ نوبل نے اپنی ساری دولت نیک کاموں کے لئے وقف کردی۔ انہوں نے یہ وصیت کی کہ ان کی آمدنی سے ہر سال انعامات دئے جائیں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ الفرڈ نوبل لالچی نہ تھے۔

# اُستاد کا احترام

سوال ا: کس پیشے کو عظیم اور مقدس کہا گیا ہے؟

جواب: اُستاد کے پیشے کو عظیم اور مقدس کہا گیا ہے۔

سوال ۳: اُستاد کو سمجھنے کے لئے شاگرد کو کیا کرنا چاہئے؟

جواب: اُستاد کو سمجھنے کے لئے ضروری ہے کہ شاگرد اُس کی باتوں کو سمجھنے کی ہر ممکن کوشش کرے اور استاد کے لئے اپنے دل میں عزت، محبت اور احترام پیدا کرے۔

سوال ۴: نوشیروان نے بیٹے کے مُنہ پر چپت کیوں لگائی؟

جواب: نوشیروان نے جب دیکھا کہ جب اس کے بیٹے کا اُستاد نماز کے لئے وضو بنانے کی خاطر اپنے پاؤں دھو رہا تھا اور اس کا بیٹا پانی ڈال رہا تھا تو اس نے بیٹے کے منہ پر چپت لگائی۔ اس کو اس بات پر غصہ آیا کہ اس کے بیٹے نے خود ہی اپنے استاد کے پیر کیوں نہیں دھوئے۔

سوال ۵: سکندرِ اعظم نے اُستاد سے کیا کہا؟

جواب: سکندر اعظم ایک دفعہ جب بہت سے فتوحات کے بعد وطن واپس آئے تو سب سے پہلے اپنے اُستاد ارسطو کے پاس گئے اور ان کے سامنے کھڑے ہو کر فخریہ انداز میں کہا ''مانگئے استاد محترم کیا مانگتے ہو؟ میں اب دُنیا کی ہر چیز آپ کے قدموں میں لا کر رکھ دوں گا''۔

# نوبل انعام کی کہانی

سوال ا: نوبل پرائز کس کے نام پر دیا جاتا ہے؟

جواب: نوبل پرائز ڈاکٹر الفرڈ نوبل کے نام پر دیا جاتا ہے۔

سوال ۲: ہندوستان میں ادبی انعام کسے ملا؟

جواب: ہندوستان میں رابندرناتھ ٹیگور کو ادب کا نوبل پرائز ۱۹۱۳ء میں ان کی کتاب '' گیتا نجلی'' پر ملا۔

**اُردو**

**یونٹ:دوم**

## نعت

سوال ۱: شاعر نے حضرت محمد ﷺ کی کچھ صفات کا ذکر کیا ہے۔ آپ ان خوبیوں کو اپنے الفاظ میں بیان کریں۔

جواب: حضرت محمد ﷺ رحمت العالمین تھے آپ ﷺ غریبوں، یتیموں کی حاجات پورا کرتے اور ان کے دُکھ درد میں کام آتے تھے۔

سوال ۲: اسلام قبول کرنے سے پہلے عربوں میں قسم قسم کی برائیاں تھیں۔ شاعر ان کی کس کس برائی کا ذکر کیا ہے؟

جواب: اسلام قبول کرنے سے پہلے عربوں میں جہالت اور گمراہی عام تھی۔ پورا عرب قبیلوں میں بٹا ہوا تھا اور آپس میں لڑنا جھگڑنا ان کا معمول تھا۔ یتیموں، کمزوروں پر ظلم کرتے تھے۔

سوال ۳: حضرت محمد ﷺ غار حرا میں خدا کی عبادت کرتے تھے۔ یہ غار کس جگہ واقع ہے؟

جواب: غار حرا مکّہ سے تین کلومیٹر کی دوری پر ایک پہاڑی کے دامن میں واقع ہے۔

سوال ۴: نیچے دیے گئے دو شعروں کو سلیس اُردو میں لکھیے۔

۱۔ فقیروں کا ملجا، ضعیفوں کا ماویٰ، یتیموں کا والی، غلاموں کا مولا ۲۔ رہا ڈر نہ بیڑے کو موج بلا کا ادھر سے اُدھر پھر گیا رُخ ہوا کا

جواب: پہلے شعر میں شاعر فرماتے ہیں کہ حضرت محمد ﷺ غریبوں اور کمزوروں کے لئے پناہ گاہ تھے۔ آپ ﷺ یتیموں کے سرپرست اور غلاموں کے حقوق کی پاسداری کرنے والے تھے۔

دوسرے شعر میں شاعر فرماتے ہیں جب حضرت محمد ﷺ پر قرآن نازل ہوا تو عرب کے حالات یکسر بدل گئے اسلام کے امن و امان کے پیغام کی کشتی کو جہالت جیسی طوفانی آندھی کا کوئی خطرہ نہیں رہا۔ جہاں کبھی جہالت تھی وہاں اب حق پرستی کا بول بالا ہے۔

**یونٹ دوم:**

## بناوٹ کے لحاظ سے اسم کی قسمیں:

بناوٹ کے لحاظ سے اسم کی تین قسمیں ہیں۔

۱)اسمِ جامد ۲)اسم مصدر ۳)اسمِ مشتق

**۱)اسمِ جامد:**

وہ اسم ہے جو نہ کسی اور کلمہ سے بنا ہوا ور نہ اس سے کوئی اور کلمہ بن سکے۔ مثلاً: بلّی ، میز، کُرسی وغیرہ۔

**۲)اسمِ مصدر:**

وہ اسم ہے جو خود تو کسی اسم سے نہ بنے مگر اس سے کوئی دوسرے کلمے بنائے جائیں مثلاً کھانا، سیکھنا، سونا وغیرہ

**۳)اسمِ مشتق:**

وہ اسم ہے جو مصدر سے نکلے یا بنے۔ مثلاً لکھنے والا، پڑھائی، مارا ہوا وغیرہ۔